**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور**

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**

# پریس ریلیز

## وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے لیے 10 لاکھ کاشتکاروں کی رجسٹریشن کا ہدف حاصل کیا جائے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

**لاہور: یکم اگست 2024:** وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے لیے 10 لاکھ کاشتکاروں کی رجسٹریشن کا ٹارگٹ حاصل کیا جائے۔ یہ ہدایات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے زراعت ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب کو بتایا گیا کہ اب تک 4 لاکھ سے زائد کاشتکار وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن کرا چکے ہیں۔ 1 تا 12.5 ایکڑ کے کاشتکاران کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے لیے اہل ہیں۔ آئندہ حکومت پنجاب کی تمام سکیموں سے فائدہ اٹھانے کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ بنیادی شرط ہوگی۔ صوبہ پنجاب میں کل 3 ہزار نان ڈجیٹائزڈ موضع جات ہیں۔ نان ڈیجیٹائزڈ موضع جات کے کاشتکاروں کی رجسٹریشن کے لیے فیلڈ ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے لیے آخری تاریخ 15 اگست 2024 ہے۔ اس موقع پر انہوں نے واضح کیا کہ حکومت پنجاب کی سبسڈی سکیموں سے فائدہ اٹھانے کے لیے کسان کارڈ کا ہونا ضروری ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی پنجاب ملک محمد اکرم و دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆